بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا حقہ پینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا حقہ پینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب

حقہ پینے سے وضو نہیں ٹوٹتا؛کیونکہ وضو، جسم سے نکلنے والی چیزوں سے ٹوٹتا ہے، جبکہ حقہ تو جسم میں داخل ہونے والی چیز ہے۔

بدائع الصنائع میں ہے: "قال النبي صلى الله عليه وسلم: الفطر مما يدخل، والوضوء مما يخرج" یعنی: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روزہ اُن چیزوں سے ٹوٹتا ہے جو (جسم کے اندر) داخل ہوں، اور وضو اُن چیزوں سے ٹوٹتا ہے جو (جسم سے) خارج ہوں۔ (بدائع الصنائع، کتاب الصوم، فصل ارکان الصوم، ج02، ص242، مطبوعہ کوئٹہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4908

تاریخ اجراء: 05ذوالقعدۃ الحرام 1447ھ/23اپریل 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net